**01.12.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے، بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائریکٹرز جنرل اور انسپکٹرز جنرل کی آل انڈیا کانفرنس میں، سلامتی سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا۔
☆ عدالتی کمیٹی کے ارکان نے، اترپردیش کے سنبھل تشدد کیس میں تحقیقات شروع کردی ہے۔
☆ دلّی کی ایک عدالت نے، عام آدمی پارٹی کے MLA نریش بالیان کو، روپیہ پیسہ اینٹھنے کے کیس میں، پولیس کی دو روزہ حراست میں بھیج دیا ہے۔
☆ کانگریس اور عام آدمی پارٹی، دلّی اسمبلی کے آئندہ انتخابات، اکیلے ہی لڑیں گی۔
☆ اِس سال نومبر میں GST وصولی میں ساڑھے آٹھ فیصد کا اضافہ ہوکر یہ، ایک اعشاریہ آٹھ دو لاکھ کروڑ روپے ہوگئی ہے۔
☆ سمندری طوفان فینجل، کمزور ہوکر، ہوا کے کم دباؤ میں بدل گیا ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور جنوبی آندھراپردیش کیلئے کل، انتہائی شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔
☆ اور بیڈمنٹن میں، لکھنؤ میں سید مودی بین الاقوامی ٹورنامنٹ میں، بھارتی کھلاڑی چھا گئے ہیں۔ پی وی سِندھو اور لکشیہ سین نے سنگلز کے خطاب جیت لئے ہیں۔

........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***Rev. PM Bhubaneswar***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ملک کی مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی سکیورٹی کے بارے میں اہم معاملات پر بات چیت کی۔ انھوں نے یہ بات چیت پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل کی، بھوبنیشور میں منعقدہ آل انڈیا کانفرنس کے آخری دن کی۔ یہ بات چیت سائبرجرائم، ساحلی سکیورٹی اور ماؤنوازوں کی شورش سے نمٹنے کے سلسلے میں کی گئی۔ کانفرنس میں وزیر داخلہ امت شاہ، مرکزی داخلہ سکریٹری گوبند موہن، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال بھی موجود تھے۔کانفرنس میں قومی سلامتی سے متعلق مختلف معاملات سے نمٹنے میں ایک حکمت عملی طے کرنے پر توجہ دی گئی جن میں مصنوعی ذہانت AI اور ڈرون جیسی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی وجہ سے درپیش چیلنج بھی

شامل ہیں۔پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC Prakash Das

بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائریکٹرز جنرل اور انسپکٹرز جنرل کی کُل ہند کانفرنس میں قومی سلامتی کو درپیش موجودہ اور ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے خاکہ تیار کیا گیا۔ ان چیلنجوں میں بائیں بازو کی انتہا پسندی، ساحلی سلامتی، نشیلے مادّوں کا ناجائز کاروبار، سائبر جرائم اور سب کیلئے معاشی یقین دہانی شامل ہے۔ کانفرنس میں نئے فوجداری قوانین پر عملدرآمد اور پولیس کارکردگی میں بہترین طور طریقوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کانفرنس کے دوسرے اور آخری دن اِس تین روزہ کانفرنس میں شرکت کی اور مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں سکیورٹی سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا۔ کانفرنس میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے درمیان بہتر تال میل پر زور دیا گیا۔ وزیر اعظم بھوبنیشور کے اپنے تین روزہ دورے کے بعد آج شام نئی دلّی واپس آ گئے ہیں۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

## Sambhal Commission

اترپردیش کے شہر سنبھل میں، تشدد کے حالیہ واقعات کی تفتیش کیلئے، عدالتی تحقیقاتی کمیشن تشکیل دیا گیا ہے۔ تشدد کے یہ واقعات، سنبھل کی شاہی جامع مسجد کے دوسری بار کے سروے کے دوران سرزد ہوئے تھے۔کمیشن کے ارکان نے مسجد پہنچ کر تفتیش شروع کردی ہے۔کمیشن کی قیادت، ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج دیویندر کمار اروڑہ ہیں اور یہ کمیشن ریاستی پولیس کے سابق سربراہ اروند کمار جین اور ریٹائرڈ IAS افسر امت موہن پرساد پر مشتمل ہے۔ ریاستی سرکار نے یہ کمیشن، تشدد کے واقعات کی تفتیش کیلئے تشکیل دیا ہے جس میں چار افراد ہلاک اور تقریباً 25 زخمی ہوگئے تھے۔ زخمیوں میں کچھ پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔کمیشن کے دو ارکان نے، مسجد کا دورہ کیا اور پولیس و انتظامی افسران، آس پاس کے دوکان مالکان اور مسجد میں موجود لوگوں سے بات چیت کی۔تفتیش کے دوران، مرادآباد ڈویژن کے کمشنر انجانیہ کمار سنگھ، اور دیگر سینئر افسران موجود تھے۔ اِسی دوران، سنبھل میں صورتحال معمول پر آتی جارہی ہے۔x

## Court Balyan

دلّی میں آج راؤز ایوینیو عدالت نے، عام آدمی پارٹی کے MLA نریش بالیان کو، دو دن کی پولیس حراست میں بھیج دیا ہے۔ اُنھیں روپیہ پیسہ اینٹھنے اور بدمعاشوں کا سرغنہ کپل سانگوان سے تعلق رکھنے کے الزام میں حراست میں لیا گیا ہے۔ نریش بالیان کو دلّی پولیس کی کرائم برانچ نے کل ایک آڈیو کلپ برآمد ہونے کے بعد گرفتار کیا۔تفتیش کے دوران برآمد کیا گیا یہ آڈیو کلپ، بالیان اور سانگوان کے درمیان بات چیت پر مشتمل ہے۔ اِس بات چیت میں مبینہ طور پر ایسی گفتگو بھی کی گئی ہے جو تجارت پیشہ افراد سے تاوان کا پیسہ جمع کرنے کے بارے میں ہے۔x

## Congress AAP

کانگریس نے، دلّی کے آئندہ اسمبلی انتخابات میں، عام آدمی پارٹی کے ساتھ کوئی اتحاد تشکیل دینے کے امکان

سے انکار کیا ہے۔ آج قومی راجدھانی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دلّی کانگریس صدر دیویندر یادو نے کہا کہ پارٹی، اسمبلی کی سبھی 70 سیٹوں کیلئے اپنے امیدوار اتارے گی۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس نے، لوک سبھا انتخابات میں عام آدمی پارٹی کے ساتھ اتحاد کی وجہ سے، کافی نقصان اٹھایا ہے۔

S/B Devender Yadav

پارٹی کی طرف سے یہ ردِّ عمل، آئندہ اسمبلی انتخابات میں، کوئی اتحاد تشکیل نہ دینے کے، عام آدمی پارٹی کنوینر اروند کجریوال کے اعلان کے بعد ظاہر کیا گیا ہے۔x

## Maha Shinde

کارگزار وزیر اعلیٰ اور شیو سینا کے سربراہ ایکناتھ شندے نے یہ بات پھر کہی ہے کہ وہ مہاراشٹر میں BJP کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار کی مکمل اور غیر مشروط حمایت کریں گے، کیونکہ لوگوں نے BJP کی سربراہ والی مہایوتی اتحاد کے حق میں تاریخی فیصلہ کیا ہے۔ جناب شندے نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ کے امیدوار کا فیصلہ، کل تک کر دیا جائے گا۔ اس دوران نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (شرد چندر پوار) نے MLA جتیندر Ahwad کو قانون ساز اسمبلی میں اپنا رہنما مقرر کیا ہے۔ این سی پی (ایس پی) کے ریاستی صدر جینت پاٹل نے آج ممبئی میں نو منتخب قانون سازوں کی ایک میٹنگ کے بعد ایک پریس کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔ جناب پاٹل نے یہ بھی اعلان کیا کہ روہت پاٹل کو پارٹی کا چیف وہپ مقرر کیا گیا ہے جبکہ اُتم Jankar کو وِہپ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔x

## Kejriwal Election and Balyan

سابق وزیر اعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کنوینز اروند کجریوال نے دلّی کے آئندہ اسمبلی انتخابات میں، اپنی پارٹی کے، کسی دیگر پارٹی کے ساتھ اتحاد کے امکان سے انکار کیا ہے۔ جناب کجریوال نے نئی دلّی میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس کے دوران آئندہ انتخابات میں، اتحاد کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔عام آدمی پارٹی، آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے گیارہ امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کرچکی ہے۔اپنے پارٹی MLA نریش بالیان کی گرفتاری کے بارے میں جناب کجریوال نے کہا کہ بالیان، بدمعاشوں کے سرغنہ کپل سانگوان کا شکار ہوا ہے اور بالیان کو، سانگوان کی طرف سے تاوان کیلئے کالز موصول ہو رہی تھیں۔اِدھر دلّی BJP کے سربراہ ویریندر سچدیوا نے آج روپیہ پیسہ اینٹھنے کے کیس اور گرفتار کئے گئے عام آدمی پارٹی MLA نریش بالیان نیز بدمعاشوں کے سرغنہ کپل سانگوان عرف نندو کے درمیان مبینہ بات چیت کے سلسلے میں عام آدمی پارٹی کے کنوینز اروند کجریوال پر نکتہ چینی کی ہے۔ جناب سچدیوا نے کہا کہ وہ کل دلّی پولیس کمشنر سے ملاقات کریں گے اور اِس معاملے کی مکمل تفتیش کیلئے کہیں گے تاکہ سچائی سامنے آسکے۔x

## GST Collections

اشیاء اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی وصولی میں اِس سال نومبر میں گزشتہ برس اِسی مہینے کے مقابلے 8

اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ ایک اعشاریہ آٹھ-دو لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔ گزشتہ برس نومبر میں GST کی کُل وصولی ایک اعشاریہ چھ-آٹھ لاکھ کروڑ روپے ہوئی تھی۔ اِس سال نومبر میں مرکزی GST کی وصولی 34 ہزار 141 کروڑ روپے جبکہ ریاستی GST کی وصولی 43 ہزار 47 کروڑ روپے ہوئی۔ اکتوبر میں GST کی کُل وصولی 9 فیصد کے اضافے کے ساتھ ایک اعشاریہ آٹھ-سات لاکھ کروڑ روپے ہوئی تھی، جو اب تک کی دوسری سب سے زیادہ وصولی ہے۔ x

## Rev Puducherry Cyclone

سمندری طوفان Fengal کے بعد پڈوچیری اور اُس کے نواحی علاقوں میں زندگی اب بھی متاثر ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کل صبح سے آج صبح تک پڈوچیری میں 48 اعشاریہ تین- سات سینٹی میٹر بارش کی خبر دی ہے، جو تین دہائیوں میں 24 گھنٹے کے دوران ہونے والی سب سے زیادہ بارش ہے۔ اگرچہ بارش کا زور آج سہ پہر کم ہوگیا لیکن کبھی کبھی ہلکی بارش اور اوسط رفتار کی ہوائیں اب بھی بحالی کی کوششوں میں رکاوٹ پیدا کر رہی ہیں۔ محکمۂ موسمیات کے تازہ ترین الرٹ کے مطابق سمندری طوفان Fengal کمزور ہوکر ہوا کے کم دباؤ میں تبدیل ہوگیا ہے۔ یہ شمالی ساحلی تمل ناڈو اور پڈوچیری کے اوپر مرکوز ہے اور اِس کے رفتہ رفتہ مغرب کی جانب بڑھنے کا امکان ہے۔ اگلے بارہ گھنٹے میں یہ مزید کمزور ہوجائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

VC- Bipin S Nath

پڈوچیری کے بہت سے علاقوں میں اب بھی بہت زیادہ پانی بھرا ہوا ہے، جس کی وجہ سے سینکڑوں باشندے اپنے گھروں میں پھنس کر رہ گئے ہیں۔ بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ فوج کی چنئی Garrrison بٹالین اور آفات سے نمٹنے والی قومی فورس NDRF متاثرہ لوگوں کو نکال رہی ہیں۔ بے گھر ہونے والے لوگوں کو پناہ دینے کی غرض سے پڈوچیری میں تقریباً 120 امدادی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ حکومت نے کل پڈوچیری میں تمام اسکولوں اور کالجوں کیلئے چھٹی کا اعلان کر دیا ہے۔ سمندری طوفان Fengal کی وجہ سے بنیادی ڈھانچے کو کافی نقصان ہوا ہے۔ درختوں کے گرنے کی وجہ سے بجلی اور انٹرنیٹ خدمات میں خلل پڑا ہے۔ کل شام سے بجلی کی سپلائی بھی متاثر ہے، جو زیادہ تر علاقوں میں ابھی تک بحال نہیں ہوسکی ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور جنوبی آندھرا پردیش کیلئے آج ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اُس نے کیرالہ اور پڈوچیری کیلئے کل بھی ریڈ الرٹ جاری کیا ہے کیونکہ انتہائی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ تمل ناڈو، پڈوچیری اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں بھی کل بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

پڈوچیری سے Bimpin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں تنویر الفرید

## DLCs Campaign

عملے، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹ مہم 3.0 کے دوران کُل ایک

کروڑ 30 لاکھ ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے۔ یہ مہم گزشتہ مہینے کی پہلی تاریخ کو شروع کی گئی تھی تاکہ ڈیجیٹل لائف سٹرفکیٹ کی وصولی کو خاص طور سے بہت زیادہ عمر رسیدہ پنشن یافتگان کیلئے آسان بنایا جاسکے۔ یہ مہم کل ختم ہوگئی۔ کُل ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹس میں سے 39 لاکھ چہرے کی تصدیق کرنے والی ٹیکنالوجی کا استعمال کرکے جاری کیے گئے۔ اِس مہم کے ایک حصے کے طور پر ملک کے بھر کے آٹھ سو سے زیادہ شہروں اور ضلعوں میں ایک ہزار 800 سے زیادہ کیمپ لگائے گئے۔ x

## Andhra Retirement Age

آندھرا پردیش سرکار نے جوڈیشیل افسروں کی ریٹائرمنٹ کی عمر 60 سے بڑھاکر 61 کر دی ہے۔ اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے وزیر NMD فاروق نے بتایا کہ اِس سلسلے میں حکومت نے آڈر جاری کر دیا ہے۔ اِس کا اطلاق پہلی نومبر 2024 سے ہوگا۔ اِس فیصلے کا مقصد جوڈیشیل افسروں کے تجربات سے مزید ایک سال تک فائدہ اٹھانا ہے۔ x

## J&K Disaster Management

جموں وکشمیر میں چیف سکریٹری اَٹل ڈُلّو نے آج، قدرتی آفات سے نمٹنے، راحت، بازآبادکاری اور دوبارہ تعمیر کے محکمے کے ساتھ ایک تفصیلی میٹنگ منعقد کی، جس کا مقصد جموں وکشمیر میں قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے محکمے کے اقدامات کا جائزہ لینا تھا۔آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ چیف سکریٹری نے محکمے سے زور دے کر کہا کہ وہ مرکز کے زیرانتظام اِس علاقے کو درپیش خدشات سے متعلق لائحۂ عمل تیار کرنے کیلئے مزید تیزی سے کام لے۔ انھوں نے محکمے سے کہا کہ وہ اِس مالی سال کے آخر تک ایمرجنسی کارروائی کے مرکز EOC کو سرگرم کردے کیونکہ قدرتی آفات کی صورت میں مرکز کا اہم رول ہوتا ہے۔ انھوں نے گلیشیر جھیل میں طغیانی کے سبب آنے والے سیلابوں کا مطالعہ کرنے کیلئے مختلف پہاڑی جھیلوں کا دورہ کرکے اِس مشن میں تیزی لانے پر زور دیا۔ میٹنگ میں، بازآبادکاری پیکیج کے تحت، کشمیری پنڈتوں کے، PM پیکیج کے ملازمین اور مغربی پاکستان کے دیگر پناہ گزینوں WPRs کے سلسلے میں کی گئی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔x

## Nagaland Hornbill

25 واں Hornbill فیسٹول کا ناگالینڈ میں شاندار طریقے سے آغاز ہوگیا ہے۔ یہ ریاست کی بہترین ثقافتی تقریبات میں سے ایک ہے، جس میں عالمی سطح پر ریاست کی مالا مال ثقافتی ورثے کی نمائش کی جاتی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Asonuo

10 روز تک جاری رہنے والے 25 ویں Hornbill فیسٹول کا، ناگالینڈ وراثتی گاؤں Kisama میں شاندار طریقے سے آغاز ہوگیا ہے۔ ناگالینڈ کے گورنر La Ganesan اور وزیر اعلیٰ Neiphiu Rio نے ناگا روایتی Gong بجاکر فیسٹول کا باضابطہ طور پر آغاز کیا۔ ناگالینڈ کے گورنر اور وزیر اعلیٰ نے وہاں موجود لوگوں سے خطاب

کیا۔ چار ساجھیدار ملکوں کے سفیروں اور سرکردہ شخصیات نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ پدم بھوشن، Grammy اور اوسکر ایوارڈ جیتنے والے ڈاکٹر A.R رحمٰن نے اپنے مقبول نغموں سے لوگوں کا جیت لیا۔

کوہیما سے Asonou کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

## ICC Shah

جے شاہ نے، جو BCCI کے، سکریٹری کے عہدے سے سبکدوش ہوئے ہیں، آج بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC کے چیئرمین کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ وہ پانچویں بھارتی شخصیت ہیں جنھوں نے اِس عالمی ادارے کا یہ عہدہ سنبھالا ہے۔ 36 سالہ شاہ، پانچ سال سے BCCI کے سکریٹری تھے۔ اُنھیں، ICC کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی متفقہ رائے سے منتخب کیا گیا ہے اور انھوں نے نیو زیلینڈ کے اٹارنی گریگ بارکلے کی جگہ لی ہے۔ جے شاہ نے ICC کے چیئرمین کے طور پر اپنے پہلے بیان میں، اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، لاس اینجلس 2028 کے اولمپک کھیلوں میں کرکٹ کو، کھیل مقابلوں میں ایک یکسر تبدیلی لانے اور خواتین کے کھیل مقابلوں کے فروغ کو ترجیح دینے کا ایک اہم موقع قرار دیا۔x

## Chess Arjun Ratings

گرینڈ ماسٹر ارجن اریِ گائیسی، تاریخ میں ایسے دوسرے بھارتی ہیں جو کلاسیکل شطرنج میں، باوقار دو ہزار 800، Elo درجے پر پہنچے ہیں۔ اِس کارنامے کے ساتھ ہی 21 سالہ گائیسی، ممتاز شطرنج کھلاڑی وشوناتھن آنند کے درجے پر پہنچ گئے ہیں۔ اریِ گائیسی عالمی سطح پر ابھی تک چوتھے درجے پر تھے۔شطرنج کی بین الاقوامی فیڈریشن FIDE نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ارجن اریِ گائیسی، تاریخ میں ایسے سولھویں کھلاڑی ہیں جنھوں نے کلاسیکل شطرنج درجہ بندی میں دو ہزار 800، Elo کا ریکارڈ توڑا ہے۔ انھوں نے انفرادی اور ٹیم، دونوں سطحوں پر سونے کے تمغے جیت کر بھارت کا سرفخر سے بلند کیا ہے۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں مایہ ناز بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین نے آج لکھنؤ کے سید مودی انٹرنیشنل ٹورنامنٹ میں سنگلز کا خطاب جیت لیا۔ اولمپکس میں دو مرتبہ تمغہ جیتنے والی سندھو نے فائنل میں چین کی Wu Luo Yu کو اکیس-چودہ، اکیس- سولہ سے ہراکر خواتین کے سنگلز کا خطاب جیتا، جبکہ لکشیہ سین نے سنگاپور کے Jia Heng Jason Teh کو اکیس-چھ، اکیس- سات سے ہراکر مردوں کے سنگلز کا خطاب جیت لیا۔اس سے پہلے Treesa Jolly اور گائتری گوپی چند کی بھارتی جوڑی نے خواتین کے ڈبلز کا خطاب جیتا تھا۔ بھارتی جوڑی نے فائنل مقابلے میں Bao Li Jing اور Li Qian کی چین کی جوڑی کو اکیس- اٹھارہ، اکیس- گیارہ سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆